DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

FRIDAY, MAY 31, 2024

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

# وفاقی محتسب: 1.93 لاکھ شکایات پر فیصلے، 4.85 فیصد پر عملدرآمد

## 2023 میں 18 فیصد اضافہ سے ایک لاکھ 94 ہزار 106 شکایات درج کرائی گئی تھیں

### پاسپورٹ بیک لاک ختم کرایا، فیصلوں پر سو فیصد عمل کرانیکا تہیہ ہے: اعجاز قریشی

اسلام آباد (نعیم اصغر) سال 2023 کے دوران وفاقی محتسب کو 1 لاکھ 94 ہزار 106 شکایات موصول ہوئیں۔ 1 لاکھ 93 ہزار سے زائد شکایات پر فیصلے کیے گئے اور 4.85 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا۔ وفاقی محتسب نے سال 2023 کی رپورٹ صدر مملکت (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

20 وفاقی محتسب

کو پیش کردی۔ سال 2023 کے دوران گزشتہ سال کی نسبت 18 فیصد زیادہ شکایات موصول ہوئیں۔ 2023 میں 49 ہزار 149 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جو گزشتہ برس کی نسبت 47 فیصد زیادہ ہیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا کہنا ہے ہم نے اپنے فیصلوں پر سو فیصد عملدرآمد کرانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ شہری وفاقی محتسب سے بلاخوف رابطہ کریں۔ رپورٹ کے مطابق شہریوں کی شکایت پر وفاقی محتسب نے پاسپورٹ دفاتر کے دورے کیے اور بیک لاک ختم کرنے کی ہدایت کی۔ سیالکوٹ کے شہری ارشاد کو بجلی کے بل میں 30 ہزار اضافی یونٹ ڈال دیئے گئے وہ واپس کرائے گئے۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، جمعۃ المبارک، 31 مئی 2024ء

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

## وفاقی محتسب کے کردار پر نیشنل سکلز یونیورسٹی میں سیمینار

اسلام آباد (دنیا رپورٹ) وفاقی محتسب کے کردار کو اجاگر کرنے کیلئے نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد میں سیمینار منعقد کیا گیا، سینئر مشیر احمد فاروق نے لیکچر دیا جس کے ساتھ ایک دستاویزی فلم بھی پیش کی گئی جس میں ادارے کے شاندار سفر کی داستان بیان کی گئی۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد مختار وائس چانسلر نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد نے تعلیمی کارکردگی اور حکمرانی کو بہتر بنانے میں وفاقی محتسب کے تعاون کو سراہا۔




احمد فاروق نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد میں سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

٭ لندن میں رجسٹرڈ پاکستانی کمیونٹی کا ترجمان کثیر الاشاعت اخبار ٭

Daily DHANAK LONDON

روزنامہ دھنک لندن

dhanaklondon@gmail.com

جلد 5 | جمعۃ المبارک 31 مئی 2024ء، 21 ذیقعد 1445ھ، 17 جیٹھ 2080ب قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 62



# وفاقی محتسب کے ایڈوائزر کی جنڈ میں کھلی کچہری

## وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

## بجلی اور گیس کنکشن کے لئے رشوت طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کا حکم

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا نے گزشتہ روز جنڈ ضلع اٹک میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ انہوں نے گیس کے کنکشن کے لئے 2018ء میں ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ گیس اور کنکشن کے حصول کے لئے مقامی اہلکاروں کی طرف سے رشوت کی ڈیمانڈ کے بارے میں بھی متعدد درخواست گزاروں نے شکایات کیں جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے جنڈ ضلع اٹک میں آئیسکو اور نادرا کے دفاتر کے اچانک دورے بھی کیے اور وہاں موجود کسٹمرز کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں۔

www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدُ الباقی کاکڑ

جلد:14 جمعۃ المبارک 22 ذیقعد 1445ھ 31 مئی 2024ء 17 جیٹھ 2081 ب صفحات:10 قیمت 30 روپے شمارہ: 79



وفاقی محتسب کی ہدایت پر سیکرٹریٹ ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اٹک میں کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

# وفاقی محتسب کے ایڈوائزر کی ضلع اٹک میں کھلی کچہری

## وفاقی سرکاری اداروں کیخلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کردیں

## بجلی، گیس کنکشن کیلئے رشوت طلب کرنیوالے اہلکاروں کیخلاف انکوائری کا حکم

لاہور (اپنے رپورٹر سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا نے گزشتہ روز جنڈ ضلع اٹک میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ انہوں نے گیس کے کنکشن کیلئے 2018ء میں ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ گیس اور کنکشن کے حصول کیلئے مقامی اہلکاروں کی طرف سے رشوت کی ڈیمانڈ کے بارے میں بھی متعدد درخواست گزاروں نے شکایات کیں جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے جنڈ ضلع اٹک میں آئیسکو اور نادرا کے دفاتر کے اچانک دورے بھی کیے اور وہاں موجود کسٹمرز کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں۔

Www.azadpakistan.net www.facebook.com/azadpakistan
ABC CERTIFIED
لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، کراچی، فیصل آباد، بہاولپور کا موثر جریدہ
DAILY AZAD-PAKISTAN
روزنامہ آزاد پاکستان لاہور
چیف ایڈیٹر: چوہدری عثمان غنی
CPL NO 691
چیف ایگزیکٹو شہیر افضل خان
ایڈیٹر: شیر افضل بلوچ
ریذیڈنٹ ایڈیٹر: ساجدہ پروین
جلد 6 | جمعۃ المبارک 31 مئی 2024ء، 21 ذیقعد 1445ھ، 17 جیٹھ 2080 ب | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 310



# وفاقی محتسب کے ایڈوائزر کی جنڈ میں کھلی کچہری

## وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

## بجلی اور گیس کنکشن کے لئے رشوت طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کا حکم

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا نے گزشتہ روز جنڈ ضلع اٹک میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ انہوں نے گیس کے کنکشن کے لئے 2018ء میں ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ گیس اور کنکشن کے حصول کے لئے مقامی اہلکاروں کی طرف سے رشوت کی ڈیمانڈ کے بارے میں بھی متعدد درخواست گزاروں نے شکایات کیں جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے جنڈ ضلع اٹک میں آئیسکو اور نادرا کے دفاتر کے اچانک دورے بھی کئے اور وہاں موجود کسٹمرز کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں۔